/21

# 0504E34

Candidate's Seat No :________

**M.A Semester-4 Examination**

**510**

**Urdu (EA)**

**April-2024**

**Time : 2-30 Hours]** **[Max. Marks : 70**

**نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔**

سوال : ۱ اردو ادب میں ناول نگاری کی ابتداء اور ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

(یا)

ناول کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن اور ہیئت پر بحث کیجئے۔

سوال : ۲ ناول کے اجزائے ترکیبی پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

منشی پریم چند کی ناول نگاری پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال: ۳ ناول کے اقسام پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔ ۱۴

(یا)

عصمت چغتائی کی ناول نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال: ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی دو (۲) سوالوں پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) ناول ''معصومہ'' کا تجزیہ و تبصرہ

(۲) ''اگلے جنم موہے بٹیانہ کیجو'' کا تنقیدی جائزہ

(۳) ناول ''کئی چاند تھے سرِ آسماں'' کا تجزیہ

(۴) داستان اور ناول کے درمیان فرق

سوال:۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) نذیر احمد کے ناولوں کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(۲) ناول ''سیر کہسار'' کے خالق کون ہیں؟

(۳) کس مغربی ناول نگار نے تاریخ ناول نگاری کو رواج دیا؟

(۴) وہ کون ناول نگار ہے جو ''مصورِ غم'' کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے؟

**(P.T.O.)**

(۵) ''اردو ناول کی تاریخ اور تنقید'' کس کی تصنیف ہے؟

(۶) ''ناول نثر میں ایک طربیہ کہانی ہے۔'' یہ کس نے کہا؟

(۷) ناول کی سب سے سیدھی سادھی قسم کو کیا کہتے ہیں؟

(۸) ''یاخدا'' کس ادیب کا مشہور و معروف ناول ہے؟

(۹) ''رقص ابلیس'' ناول کس ادیب کا تخلیق کردہ ہے؟

(۱۰) ناول فطرت سے بحث کرتا ہے؟ یہ قول کس مغربی ادیب کا ہے؟

(۱۱) ''جو دنیا کے حالات پر غور نہیں کرتا اس سے بے وقوف کوئی نہیں۔'' یہ کس ادیب کا قول ہے؟

(۱۲) پروفیسر بیکر نے ناول کی کتنی شرطیں لازمی قرار دی ہیں؟ کون کون سی؟

---پایان---

**0504E34 - 3** Candidate's Seat No :________

**M.A Semester-4 Examination**

**510**

**Urdu (EB)**

**April-2024**

**Time : 2-30 Hours]** **[Max. Marks : 70**

---

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ اردو میں انشائیہ نگاری کے بنیادی اُصول وضوابط سے آگاہ کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اردوادب میں انشائیہ کی اہمیت اور ضرورت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال : ۲ انشائیہ کیا ہے؟ اس کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر بحث کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اردوادب میں انشائیہ نگاری کی ابتداء اور ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

سوال : ۳ ''انشائیہ'' انسان کے پریشان خیالات کا مجموعہ ہے؟ اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

شوکت تھانوی کی انشائیہ نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال : ۴ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی بھی دو(۲) کے جواب مختصر میں لکھئے۔ ۱۴

(۱) محمد حسین آزاد کی انشائیہ نگاری

(۲) انشائیہ اور مضمون میں فرق

(۳) انشائیہ اور مقالہ میں فرق

(۴) سرسید کی انشائیہ نگاری

سوال :۵ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی سات(۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) ''انشائیہ'' کو ذہن کی ترنگ کس ادیب نے کہا ہے؟

(۲) ''انشائیہ نگار'' کی طرزِ تحریر سے خوشی حاصل کرنے کا متمنی کون ہے؟

(۳) ''انشائیہ کی بنیاد'' نامی کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۴) ''انشائیہ'' کے ابتدائی نقوش سب سے پہلے کس کی کتاب میں پائے جاتے ہیں؟

(P.T.O.)

(۵) "بڑے سے بڑا انشائیہ نگاری بھی مونتین کے خیالات سے بچ نہیں سکتا۔" یہ قول کس ادیب کا ہے؟

(۶) انشائیہ کو "شخصیت کے اظہار کا لازمی جزو" کس انگریز ادیب نے قرار دیا ہے؟

(۷) وزیر آغا کے انشائیوں کے مجموعوں کو کس نام سے یکجا کیا گیا ہے؟

(۸) "خیال پارے" کس ادیب کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

(۹) اردو ادب میں انشائیوں کا بانی کسے قرار دیا گیا؟

(۱۰) "بیکن" نے انشائیہ کی کیا تعریف پیش کی ہے؟

(۱۱) محمد حسین آزاد نے "انشائیہ" کی کیا تعریف پیش کی ہے؟

(۱۲) "ہوائی قلعے" کو کس نے "انشائیہ نما مضامین" کا پہلا مجموعہ قرار دیا ہے۔

---پایان--